بسم اللہ الرحمن الرحیم

عدّت کے دوران داماد سے اور ماں کے سگے چچا اور تایا سے پردے کا حکم

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

سوال

کیا عدّت کے دوران ساس کا داماد سے اور عورت کا ماں کے سگے چچا اور تایا سے پردہ ہوگا؟

جواب

اولاً یاد رہے کہ عدت میں پردے کے حوالے سے کوئی الگ حکم نہیں ہے، بلکہ عدت کے علاوہ جن سے پردہ کرنے کا حکم ہے، انہی سے عدت میں پردہ کرنے کا حکم ہے۔

ساس محارم عورتوں میں سے ہے کہ وہ بیوی کی ماں ہے، اس کی حرمت نصِ قطعی سے ثابت ہے، لہذا داماد کا ساس سے پردہ نہیں، البتہ! ساس جوان ہو یا فتنہ کا احتمال ہو، تو پردہ کرنا مناسب ہے۔

اسی طرح عورت کا اپنی والدہ کے چچا اور تایا سے بھی پردہ نہیں ہے، کیونکہ یہ عورت ان کے لئے بھتیجی کی بیٹی ہے، اور بھتیجی، بھانجی وغیرہ کی اولاد محارم میں سے ہے۔

فتاوی رضویہ میں ہے "ساس پر داماد مطلقاً حرام ہے اگرچہ اس کی بیٹی کی رخصت نہ ہوئی ہو اور قبل رخصت مر گئی ہو، قال اللہ تعالیٰ: و امھٰت نسآئکم (اور تمہاری بیویوں کی مائیں تم پر حرام ہیں)۔" (فتاوی رضویہ، جلد 11، صفحہ 439، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

جوان ساس سے پردہ کرنا مناسب ہے۔ فتاوی رضویہ میں ہے "علاقہ صہر ہو جیسے خسر، ساس، داماد، بہو، ان سب سے نہ پردہ واجب نہ نادرست ہے، کرنا نہ کرنا دونوں جائز اور بحالت جوانی یا احتمال فتنہ پردہ کرنا ہی مناسب۔" (فتاوی رضویہ، جلد 22، صفحہ 235، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

بھتیجی کی اولاد محارم میں سے ہے۔ فتاوی رضویہ میں ہے "جیسے بھتیجی بھانجی ویسے ہی ان کی اور بھتیجوں اور بھانجوں کی اولاد، اور اولادِ اولاد کتنے ہی دور سلسلہ جائے سب حرام ہیں۔" (فتاوی رضویہ، جلد 11، صفحہ 447، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

وقار الفتاوٰی میں مفتی اعظم پاکستان مفتی محمد وقار الدین علیہ الرحمہ فرماتے ہیں: "عدت اور غیر عدت میں پردہ کے احکامات میں کوئی فرق نہیں۔ قبلِ عدت جن لوگوں سے پردہ فرض ہے، دوران عدت بھی ان سے پردہ کرنا فرض ہے۔" (وقار الفتاوی، جلد 3، صفحہ 158، بزم وقار الدین، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا محمد بلال عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-4759

تاریخ اجراء : 27شعبان المعظم 1447ھ/16فروری 2026ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com

daruliftaahlesunnat

DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat

feedback@daruliftaahlesunnat.net